14.04.2025

21.15 Hrs.

HL

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

(Music)

---

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے بابا صاحب بی آر امبیڈکر کے 134 ویں یومِ پیدائش کے موقع پر ہریانہ میں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کہا کہ وقف قانون میں حالیہ تبدیلیوں سے غریب اور پسماندہ مسلمانوں کا استحصال ختم ہوگا۔

☆ گجرات کے ساحل کے قریب بین الاقوامی سرحدی سمندر کے نزدیک ایک ہزار 800 کروڑ روپے مالیت کی منشیات ضبط کی گئی ہیں۔

☆ پاکستان نے پچھلے دو دن کے دوران 11 ہزار افغانی باشندوں کو اپنے ملک سے واپس بھیج دیا ہے۔

☆ اپنی نوعیت کا پہلا صرف خواتین خلاء باز سیاحوں پر مشتمل راکٹ ایک مختصر پرواز کے بعد کامیابی کے ساتھ زمین پر اُتر گیا ہے۔

☆ بہار میں اگلے ماہ ہونے والے کھیلوں انڈیا یوتھ گیمز 2025 کے Mascot اور Logo کا پٹنہ میں اجراء کیا گیا ہے۔

☆ اور ہاکی انڈیا نے آنے والے آسٹریلیا کے Tour کیلئے 26 کھلاڑیوں پر مشتمل خواتین کی ٹیم کا اعلان کیا ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Haryana**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے بھارتی آئین کے اعلیٰ معمار بابا صاحب ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کے 134 ویں یومِ پیدائش کے موقع پر ہریانہ کے یمنا نگر میں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آج افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ وزیر اعظم نے دِین بندھو چھوٹو رام تھرمل پاور پلانٹ کے 800 میگاواٹ کے جدید ترین پن بجلی یونٹ کا سنگ بنیاد رکھا، جس پر تقریباً

8 ہزار 470 کروڑ روپے کی لاگت آئے گی۔ اِس یونٹ سے ریاست بھر میں بجلی کی بلا رکاوٹ سپلائی فراہم کی جاسکے گی۔ انہوں نے مبارکپور میں کمپریسڈ بائیو گیس پلانٹ کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔ جناب مودی نے 14 اعشاریہ چار کلو میٹر طویل ریواڑی بائی پاس پروجیکٹ کا بھی افتتاح کیا، جس پر بھارت مالا پری یوجنا کے تحت تقریباً ایک ہزار 70 کروڑ روپے کی لاگت لگے گی۔

اِس موقع پر موجود اشخاص سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے بابا صاحب امبیڈکر کے نظریے پر آگے بڑھتے رہنے کے اپنی حکومت کے عزم کے تئیں فخر کا اظہار کیا۔ انہوں نے بابا صاحب کے اِس یقین کو اجاگر کیا کہ صنعتی ترقی، سماجی انصاف کا ایک راستہ ہے۔

2100- PM on Industrial Progress

ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر میں بجلی کے اہم ترین رول کو اجاگر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے بجلی کی دستیابی کو بڑھانے کی حکومت کی کثیر رُخی کوششوں کو اجاگر کیا۔ جناب مودی نے کہا کہ بجلی کی زیادہ سے زیادہ پیداوار لازمی ہے تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ بجلی کی کمی کے سبب ملک کی تعمیر میں کوئی رکاوٹ نہ پڑے۔

اِس سے قبل دن میں وزیر اعظم نے حصار میں مہاراجہ اگرسین ہوائی اڈے کی نئ ٹرمنل بلڈنگ کا سنگ بنیاد رکھا، جس پر 410 کروڑ روپے خرچ کیے جائیں گے۔ انہوں نے اِس موقع پر حصار سے ایودھیا جانے والی ایک کمرشیل پرواز کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے نئے ہوائی اڈے اور پروازوں کو ہریانہ کی امنگوں کی تکمیل کی جانب ترغیب قرار دیا۔ وقف ایکٹ میں ترامیم کے بارے میں وزیر اعظم نے کہا کہ نئ شقوں سے وقف کے تقدس میں اضافہ ہوگا اور اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے گا کہ غریب اور پسماندہ مسلم خاندانوں، خواتین اور بچوں کے حقوق کو برقرار رکھا جائے گا۔ انہوں نے اِس بات کی توثیق کی کہ اِس عمل سے آئین کی سچی روح اور حقیقی سماجی انصاف کا اظہار ہوتا ہے۔

S/B: PM on Waqf

## Ambedkar Jayanti

آج قوم، بابا صاحب ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کو ان کے یومِ پیدائش کے موقعے پر ملک بھر میں مختلف تقریبات کے ذریعے اور اُنہیں خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے یاد کر رہی ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکڑ، وزیر اعظم نریندر مودی اور لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں ڈاکٹر امبیڈکر کے مجسمے پر گلہائے عقیدت نذر کیے۔ راجیہ سبھا کے ڈپٹی چیئرمین ہری ونش، BJP صدر جے پی نڈا، کانگریس لیڈر ملک ارجن کھڑگے اور راہل گاندھی، مرکزی وزیروں، قانون سازوں اور عوامی نمائندوں نے بھی خراجِ عقیدت پیش کیا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ مرمو نے بابا صاحب کو شاندار صلاحیتوں کی حامل شخصیت قرار دیا، جنھوں نے مشکلات پر جیت حاصل کرتے ہوئے دنیا بھر میں احترام حاصل کیا۔

انہوں نے مزید کہا کہ بابا صاحب تعلیم کو سماجی تبدیلی کیلئے ایک اہم وسیلہ سمجھتے تھے۔ صدر جمہوریہ نے عوام پر زور دیا کہ وہ مساوات اور سماجی ہم آہنگی کے ان کے نظریات پر کاربند رہیں۔

بھارتی آئین کے معمارِ اعلیٰ ڈاکٹر امبیڈکر کو سماجی انصاف، قانون اور حاشیے پر رہنے والی برادری کو بااختیار

بنانے کیلئے ان کی خدمات کیلئے یاد کیا جاتا ہے۔ x

## Ambedkar - Virendra

سماجی انصاف اور بااختیار بنائے جانے کے محکمے کے وزیر ڈاکٹر وریندر کمار نے کہا ہے کہ ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کی زندگی سے وابستہ پنچ تیرتھ نوجوان نسل کیلئے ترغیب کا ایک وسیلہ ہے۔ پنچ تیرتھ سے مراد ڈاکٹر امبیڈکر کی زندگی سے متعلق پانچ اہم مقامات سے ہے، جس میں اُن کی جائے پیدائش اور وہ مقام شامل ہے، جہاں انہوں نے تعلیم حاصل کی۔ وزیر موصوف نے نئی دلّی میں آج ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کے یومِ پیدائش کے موقع پر درجِ فہرست ذاتوں کے قومی کمیشن کی جانب سے منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ جناب کمار نے زور دے کر کہا کہ نوجوان نسل کو اِن مقامات پر ضرور جانا چاہیئے تاکہ وہ ڈاکٹر امبیڈکر کے نظریات اور اُن کی زندگی کے بارے میں زیادہ سے زیادہ سیکھ سکیں۔ x

## Gujrat Drugs

انسداد منشیات کی ایک بڑی کارروائی کے طور پر بھارت کے کوسٹ گارڈ نے گجرات انسداد دہشت گردی کے دستے کے ساتھ تال میل قائم کرتے ہوئے ایک ہزار 800 کروڑ روپے کی مالیت کی 300 کلو Methamphetamine ضبط کی ہے۔ ایک مخصوص سراغ ملنے پر کارروائی کرتے ہوئے کوسٹ گارڈ نے رات کے وقت کی گئی کارروائی کے دوران سمندر کی بین الاقوامی سرحدی لائن کے نزدیک ایک جہاز کو روکا۔ ملزمین نے منشیات کو سمندر میں پھینک دیا اور بین الاقوامی سمندر کی طرف فرار ہوگئے۔ کشتی کے نکلنے جانے کے باوجود بھارتی کوسٹ گارڈ کی ٹیموں نے منشیات برآمد کرلی۔ منشیات کی اِس کھیپ کو تحقیق کیلئے پوربندر لایا گیا ہے۔ x

## HM - Forensic Science Summit

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت ، ملک میں نظامِ انصاف کو عوام مرکوز اور سائنٹفک بنانے کی کوشش کررہی ہے۔ جناب شاہ نے نئی دلّی میں آج آل انڈیا فارینسک سائنس سربراہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

SB - 2100 - Amti Shah - Justice

## India Elite

بھارت عالمگیر سطح پر تکنیکی اور دفاعی پاور ہاؤس کے طور پر تیزی سے ابھر رہا ہے اور اِس طرح اُس نے کئی کلیدی شعبوں میں اعلیٰ ترین بین الاقوامی حلقوں میں اپنی جگہ بنالی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کے خودکفیل ہونے اور اختراعات کرتے رہنے پر زور دینے کے تحت بھارت نے جدید ترین دفاعی صلاحیتیں بنالی ہیں۔

ایک اہم سنگِ میل کے طور پر حال ہی میں ملک نے لیزر پر مبنی ہدایت کے حامل توانائی کے ایک ایسے ہتھیار کی آزمائش کی، جو ڈرونز کو ناکارہ کرنے کی اہلیت رکھتا ہے۔ اِس طرح بھارت ، اِس شعبے میں امریکہ ، روس اور چین

جیسے ملکوں کی صف میں آ گیا ہے۔ بھارت نے ہائیپر سونک میزائلوں کیلئے سرگرم یخ بستہ Scramjet انجن کی بھی آزمائش کی اور وہ ایسا کرنے والے چند ملکوں میں سے ایک ملک بن گیا۔

بھارت کے خلائی شعبے میں بھی شہ سرخیاں قائم کیں۔ 2023 میں ISRO چاند کے قطب جنوب میں اترنے والا پہلا ملک تھا۔ 2024 میں بھارت نے سیٹلائٹس کو آپس ملانے اور پھر ایک دوسرے سے جدا کرنے کا مظاہرہ کیا اور اِس طرح وہ ایسے چار اعلیٰ ترین ملکوں کے گروپ میں شامل ہوگیا، جو ایسا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ DRDO نے بھارت کے پہلے طویل دوری کے ہائپر سونک میزائل کی بھی آزمائش کی، جو نیوکلیائی یا روایتی جنگی ساز و سامان کو لے جانے کی اہلیت رکھتا ہے۔ بھارت کی تکنیکی امنگیں لگاتار بڑھتی رہی ہیں۔

Semicon India کے آغاز کے ساتھ ہی ملک خود کو سیمی کنڈکٹر بنانے والے ملکوں کی صف میں ایک اہم ترین ملک کے طور پر دیکھ رہا ہے، جس کی طرف بڑے عالمی سرمایہ کار متوجہ ہورہے ہیں۔ x

## Waqf Amendment Bengal

مغربی بنگال میں سرحدی سلامتی فورس BSF کے جنوبی بنگال کے IG رَوی گاندھی نے آج وقف ترمیمی ایکٹ 2025 کے خلاف احتجاجوں کے تناظر میں مرشد آباد کے شمشیر گنج کا دورہ کیا۔ انہوں نے سینئر افسران کے ساتھ میٹنگ میں صورتحال کا جائزہ لیا۔

اِدھر جنوبی 24 پرگنہ ضلعے کے بھنگڑ علاقے میں اِس معاملے پر احتجاج ہوا۔ پولیس اہلکاروں پر حملہ کیا گیا اور گاڑیوں کو نقصان پہنچایا گیا۔ کچھ گاڑیوں کو آگ بھی لگا دی گئی۔

دوسری طرف BJP نے آج مغربی بنگال کی وزیرِ اعلیٰ ممتا بنرجی کے وقف ترمیمی ایکٹ کے متعلق بیان پر اُن کی سخت نکتہ چینی کی۔

نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے، پارٹی ترجمان سدھانشو ترپویدی نے کہا کہ محترمہ بنرجی کا یہ بیان کہ اُن کی حکومت ریاست میں اِس قانون کو نافذ نہیں کرے گی، آئین کی توہین ہے۔ جناب ترپویدی نے مغربی بنگال کی وزیرِ اعلیٰ پر لوگوں کو خوش کرنے کی سیاست میں ملوث ہونے کا الزام بھی لگایا۔ x

## Pakistan - Aghan

پاکستان، مشرقی ننگرہار میں واقع طورخم کراسنگ اور جنوبی قندھار کے Spin بولدک کے راستے افغانی کنبوں کو مسلسل ملک سے واپس بھیج رہا ہے۔

اپنے ایک بیان میں افغان ہائی کمیشن نے واپس ہونے والے کنبوں کی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ کُل پاکستانی حکام نے 852 افغان کنبوں کو ملک بدر کیا ہے اور اب یہ تعداد 4 ہزار 567 ہو گئی ہے۔

اِس سے ایک دن پہلے، 6 ہزار پانچ سو افغانی تارکین وطن کو مبینہ طور پر ملک بدر کیے جانے کی خبر ہے۔

میڈیا کی خبروں کے مطابق پاکستان کا منصوبہ ہے کہ وہ اس سال 30 لاکھ افغانیوں کو واپس بھیجے گا۔ ایک اندازہ کے مطابق 70 لاکھ افغان مہاجرین، جن میں زیادہ تر کے پاس مکمل دستاویزات نہیں ہیں، بیرون ملکوں، بالخصوص

پاکستان اور ایران میں رہ رہے ہیں۔x

## Women Crew

امریکہ کی گلوکار اور گیت کار Katy Perry سمیت چھ خواتین آج ایک Blue Origin راکٹ پر سوار ہوکر خلاء کی جانب روانہ ہوئیں اور کرۂ ارض کی فضاؤں کی بالائی حدود تک پہنچ کر ایک مختصر پرواز کے بعد کامیابی کے ساتھ زمین پر واپس آ گئیں۔ یہ پرواز جو بھارتی وقت کے مطابق شام سات بجے مغربی ٹیکساس روانہ ہوئی تھی، اپنی نوعیت کی پہلی صرف خواتین سیاحوں پر مشتمل ایک مشن کی علامت ہے۔ اِس سے پہلے 1963 میں Valentina Tereshkova نے تنہا سفر کیا تھا۔

اِن خواتین کو خلاء میں 100 کلومیٹر کی دوری تک Karman لائن سے اوپر 10 منٹ کی اڑان کیلئے لے جایا گیا۔ یہ پرواز ٹیکساس کے ریگستان میں پیراشوٹ کے ذریعے نیچے اترنے کے ساتھ کامیابی سے ختم ہوئی۔ x

## Russia - India - 78th Anniversary

روس نے بھارت کے ساتھ اپنے کلیدی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے اپنے عزم کی توثیق کی ہے۔ دونوں ملکوں کے سفارتی تعلقات کے قیام کے 78 ویں سال کے موقع پر ایسا کیا گیا ہے۔ ٹیلی گرام پر جاری ایک پیغام میں روس کے وزیر خارجہ نے بھارت کو مبارکباد پیش کی ہے اور باہمی تعلقات میں پیشرفت جاری رہنے کے سلسلے میں ایک اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ روس نے اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل میں بھارت کیلئے مستقل سیٹ کی کوشش کے تئیں اپنی حمایت کا اعادہ کیا ہے اور مضبوط باہمی اعتماد کو اجاگر کیا ہے۔

وزارت نے اِن دنوں جاری اعلیٰ سطح کے سیاسی مذاکرات کا بھی ذکر کیا ہے، جس میں صدر ولادیمیر پوتن اور وزیر اعظم نریندر مودی کے درمیان 2024 میں دو سربراہ کانفرنسوں کا ذکر شامل ہے۔ اِس برس دونوں ملکوں کے درمیان کاروبار 60 ارب ڈالر کی سطح پر پہنچ گیا ہے۔

روس نے نیوکلیائی توانائی بالخصوص Kudankulam پلانٹ کا بھی تعاون کے ایک کلیدی شعبے کے طور پر اعتراف کیا ہے۔ ساتھ ہی دفاع ، خلاء ، ٹیکنالوجی اور ثقافتی میل ملاپ کا بھی ذکر کیا ہے۔ دونوں ملک کثیر قطبی دنیا اور عالمی حکمرانی میں ، عالمی جنوب کی زیادہ سے زیادہ نمائندگی کیلئے اپنی حمایت کا سلسلہ رکھیں گے۔ x

## Bangladesh Pahela Baisakh

بنگلہ دیش میں روایتی جوش و خروش اور جذبے کے ساتھ بنگلہ دیش کا نیا سال 'پہلا بیساکھ' منایا جا رہا ہے۔ ہمارے ڈھاکہ کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ ڈھاکہ میں لوگ اس دن کی شروعات تاریخی Ramana Batmool برگد کے پیڑ کے پاس ثقافتی گروپ Chhaynaut کے ذریعے پیش کی گئی ایک بڑی پرفارمنس سے کرتے ہیں۔ اس پروگرام میں اُس روایتی سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے کلاسیکی نغمے، رابندر سنگیت اور شعر و شاعری سمیت مختلف پروگرام پیش کیے جاتے ہیں، جو نئے سال کو منانے کیلئے 1967 میں شروع کی گئی تھی۔

اس موقع پر Mongol Shobhajatra سمیت ڈھاکہ میں مختلف پروگرام بھی منعقد کیے جا رہے ہیں۔ x

## Rev Bihar Khelo India

ساتویں کھیلو انڈیا یوتھ گیمز ، بہار میں چار مئی سے 15 مئی تک منعقد کئے جائیں گے۔ یہ کھیل بہار کے پانچ شہروں پٹنہ ، گیا، راج گیر ، بیگو سرائے اور بھاگل پور میں ہوں گے۔ وزیر اعلیٰ نتیش کمار اور کھیلوں کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویا نے آج پٹنہ میں وزیر اعلیٰ کے سکریٹریٹ میں اِن کھیلوں کا Mascot اور Logo جاری کیا۔ Mascot ، Gajsimha ہاتھی کی مضبوطی اور شیر کی بہادری کی علامت ہے، جو نالندہ اور بودھ گیا میں پالا خاندان کی نقاشی سے متاثر ہے۔ Logo بہار کی ثقافتی وراثت کا مظاہرہ کرتا ہے، جس میں درخشاں نارنگی رنگ کی جھلکیاں ہیں۔ ریاست بہار کی کھیلوں کی اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل رویندرن شنکرن کے مطابق اِن کھیلوں میں 8 ہزار 500 سے زیادہ کھلاڑی شرکت کریں گے اور 10 ہزار سے زیادہ مندوبین موجود ہوں گے۔

SB - F2100 - Ravindran Sankran

کھیل کود کی اِس بڑی تقریب میں 27 کھیل کھیلے جائیں گے، جس میں دیسی کھیل جیسے Malkhamb اور کھیل کود کے مقابلے جیسے Sepak Takraw ، Volley Ball، فٹ بال ، باسکٹ بال ، مکے بازی اور کبڈی شامل ہیں۔ x

## Women's Hockey

ہاکی انڈیا نے آسٹریلیا کے آنے والے دورے کیلئے 26 کھلاڑیوں پر مشتمل بھارت کی خواتین کی ٹیم کا اعلان کیا ہے۔ پرتھ ہاکی اسٹیڈیم میں 26 اپریل سے 4 مئی تک پانچ میچ کھیلے جائیں گے۔ سیریز کے پہلے دو گیمز میں بھارت کی ٹیم، آسٹریلیا-اے کی ٹیم سے مقابلہ کرے گی، جبکہ باقی تین کھیل آسٹریلیا کی سینئر ٹیم سے ہوں گے۔ ٹیم کی قیادت مِڈ فیلڈ پر کھیلنے والی بہترین کھلاڑی Salima Tete کریں گی جبکہ فارورڈ کھیلنے والی Navneet Kaur نائب کپتان ہوں گی۔

Savita اور نوجوان Bichu دیوی Kharibam گول کیپر کی ذمہ داری سنبھالیں گی۔ x

## Archery World Cup

امریکہ کے شہر فلوریڈا میں تیراندازی کے عالمی کپ میں، آج صبح بھارت کے دھیرج Bommadevara نے کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ مردوں کے انفرادی Recurve مقابلے میں دھیرج نے Andres Temino Mediel کو چھ چار سے ہرایا۔ اِس طرح دھیرج نے اِس ٹورنامنٹ میں یہ دوسرا تمغہ جیتا ہے۔

تیراندازی کے ورلڈ کپ میں بھارت کو مجموعی طور پر چار تمغے ملے ہیں۔ اِن میں سونے کا ایک، چاندی کا ایک اور کانسے کے 2 تمغے شامل ہیں۔ تمغے جیتنے کی فہرست میں بھارتی ٹیم چوتھے مقام پر رہی۔

اس سے قبل دھیرج نے Tarundeep Rai اور Atanu Das کے ساتھ مردوں کے ٹیم recurve

مقابلے میں چاندی کا تمغہ جیتا تھا۔

Jyothi Surekha Vennam اور Rishobh یادو نے کمپاؤنڈ مکسڈ مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا جبکہ ابھیشیک ورما، Rishabh Yadav اور Ojas Deotale پر مشتمل مردوں کی کمپاؤنڈ ٹیم نے کانسے کا تمغہ جیتا۔ x

## World Table Tenis

بھارت کی سرکردہ ٹینس کھلاڑی مانیکا بترا اور شریجا اکُولا نے ITTF عالمی کپ 2025 خواتین سنگلز کا آغاز جیت کے ساتھ کی ہے۔ عالمی نمبر 3 کھلاڑی بترا نے New Caledonia کی کھلاڑی Maylis گریٹ کو گیارہ-ایک، گیارہ-دو، سولہ-چودہ، گیارہ-چار سے افتتاحی میچ میں ہرا دیا۔ اب اُن کا اگلا مقابلہ عالمی نمبر 23 کی کھلاڑی Bruna Takahashi سے ہوگا۔

عالمی نمبر 34 کی کھلاڑی اکُولا نے اپنے افتتاحی میچ آسٹریلیا کی Constantina Psihlogios کو گیارہ-نو، گیارہ-چار، گیارہ-آٹھ، چھ-گیارہ سے ہرایا۔ اب اگلے مقابلے میں ان کا سامنا عالمی نمبر 13 کی رومانیہ کی کھلاڑی Bernadette سے ہوگا۔ کوئی بھی بھارتی کھلاڑی مردوں کے سنگلز ایونٹ میں حصہ نہیں لے رہا ہے۔ x

## IPL - T-20

آئی پی ایل کرکٹ میں اب سے کچھ دیر پہلے تک میزبان لکھنؤ سپر جائنٹس نے چنئی سپر کنگس کے خلاف 20 اورز میں 7 وکٹ پر 166 رن بنا لیے ہیں۔ چنئی نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کا فیصلہ کیا۔

لکھنؤ چھ میچوں میں چار میچ جیت کر پوائنٹس ٹیبل میں چوتھے مقام پر ہے۔ وہیں چنئی سپر کنگس چھ میچوں میں ایک جیت کے ساتھ درجہ بندی میں سب سے نچلے پائیدان پر ہے۔x

*******